16/12/2020

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

محکمہ زراعت ریاست میں زراعت اور زراعت پر منحصر دیگر سرگرمیوں کو فروغ دیکر کاشتکار بہبود نیز کسان کی آمدنی دوگنا کرنے کے لیے کسان بہبود مشن کے طور پر ایک مہم چلائی جائے گی

لکھنؤ: ۱۶/ دسمبر ۲۰۲۰ء-

اتر پردیش میں محکمہ زراعت کے ذریعہ زراعت اور زراعت پر منحصر اور دیگر سرگرمیوں کو فروغ دیکر کسان بہبود اور کسان کی آمدنی دوگنا کرنے کے لیے کسان بہبود مشن کے طور پر ایک مہم چلائی جائے گی۔ اس ضمن میں ریاست کے وزیر زراعت اور زرعی تعلیم اور تحقیق جناب سوریہ پرتاپ شاہی کے سامنے آج یہاں زرعی پیداوار کمشنر آڈیٹوریم میں محکمہ کے ذریعہ ایک پیشکش پیش کی گئی۔ وزیر زراعت کو مطلع کرایا گیا کہ محکمہ زراعت اس اسکیم اور مہم کا نوڈل ہوگا۔

پیشکش کے دوران وزیر زراعت کو مطلع کرایا گیا کہ یہ مہم ریاست کے ہر ایک ترقیاتی بلاک پر ایک منتخب تاریخ پر منعقد کیا جائے گا۔ اس مہم کے تحت زرعی سیکٹر کی بڑی نمائش لگائی جائے جس میں مقامی سطح پر مائیکرو، چھوٹی، متوسط اور بڑی یونٹوں نیز دیہی ترقیات کی گزر بسر مشن کے تحت تشکیل خود امداد گروپوں کے ذریعہ تیار خاص مصنوعات کی نمائش بھی لگائیں گے۔

☆☆☆☆☆